

# اپنے ایئر مولڈ کی ٹیوب کو دوبارہ کیسے لگائیں


1. اپنے آلہ سماعت سے ایئر مولڈ الگ کریں اور پھر ایئر مولڈ سے ٹیوب نکالیں۔




2. خمیدہ ٹیوب کے باریک حصے کے اندازاً آخری 5 سینٹی میٹر کا فاصلہ رکھ کر کاٹ لیں۔




3. ایئر مولڈ کے بیرونی حصے میں موجود سوراخ کے ذریعے نوکدار سرے کو ڈالیں جیسا کہ دکھایا گیا ہے، جب تک وہ ایئر مولڈ کے دوسرے کنارے سے نکل نہ آئے۔ اگر آپ کے ایئر مولڈ میں دو سوراخ ہیں تو ٹیوب کو اوپر موجود بڑے سوراخ تک دھکیلیں۔




4. ٹیوب کا نوکدار سرا تب تک دوسرے سرے تک کھینچیں جب تک ٹیوب کا آخری سرا کھڑا نہ ہو جائے اور مولڈ میں درست طریقے سے پورا نہ آ جائے۔




## اپنے ایئر مولڈ کو ٹیوب میں دوبارہ کیسے لگائیں (گزشتہ سے پیوستہ)



5. جتنا ممکن ہو ٹیوب کے نوکدار سرے کو ایئر مولڈ کے بالکل قریب سے کاٹیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ٹیوب کا کوئی کھدرا یا نوکدار سرا رہ نہ جائے کیونکہ یہ آپ کے کان میں تکلیف کا باعث بن سکتا ہے۔



6. اب آپ کو اپنے کان کے حساب سے ٹیوب کی لمبائی کا سائز ایڈجسٹ کرنا ہے۔ اس کے لیے آپ پرانی ٹیوب (جو آپ نے پہلے نکالی ہے)، اس کا سرا نئی فٹ کردہ ٹیوب کے ساتھ رکھ کر پیمائش کریں اور کاٹ دیں۔ یا آلہ سماعت کو اپنے کان پر رکھ کر، اور ایئر مولڈ کی ٹیوب کو اس کے ساتھ لگا کر نشان لگائیں، جیسا کہ دکھایا گیا ہے، اور کاٹیں۔



7. آلہ سماعت کو اپنے ایئر مولڈ کے ساتھ دوبارہ منسلک کرنے کے لیے، ٹیوب کے اوپری سرے کو دبائیں اور آلہ سماعت کے سرے اور ایئر مولڈ کو ایک ساتھ دبا کر دھکیلیں۔

**اہم تجویز:** *ایئر مولڈ کی ٹیوب وقت کے ساتھ سخت، بھربھری، یا بے رنگ ہو جاتی ہے۔ اس لیے عموماً تجویز دی جاتی ہے کہ اس کو ہر 6 ماہ میں کم از کم ایک بار تبدیل کیا جائے۔ اگر آپ کو اپنے ایئر مولڈ کی ٹیوب تبدیل کرنے میں کسی دقت کا سامنا ہو تو براہ کرم اپنے مقامی شعبہ آڈیالوجی سے رابطہ کریں۔*

مزید معاونت کے لیے، QR کوڈ اسکین کریں یا درج ذیل ویب سائٹ پر ہمارا معاونتی پورٹل برائے مریض ملاحظہ کریں: **danalogic.co.uk/patient-portal**